فوری ریلیز کے لیے: 2023/12/1 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیوبرگ سیور پروجیکٹ کے لئے جدید مائکرو ٹنلنگ کے آغاز کا اعلان کر دیا

ریاست نیویارک میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کا پہلا منصوبہ جس کی فنڈنگ وفاقی دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون کے ذریعے کی گئی ہے

مجموعی ریاستی اور وفاقی سرمایہ کاری میں 27$ ملین سے گندے پانی کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرکے پانی کے معیار اور طوفانوں کا مقابلہ کرنے کی استعداد بہتر بنای جائے گی

زیر زمین سیوریج پائپ لائن کے لئے مائکروٹونلنگ سے کمیونٹی کے باسیوں کے لئے ممکنہ رکاوٹیں کم ہو جائیں گی اور تعمیرات میں تیزی آئے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج نیوبرگ شہر میں جاری گندے پانی اور طوفانی پانی کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کے جزو کے طور پر جدید مائکروٹنلنگ کے آغاز کا اعلان کیا جو دریائے ہڈسن کے پانی کے معیار کی حفاظت اور طوفانوں سے مقابلہ کرنے کی استعداد میں اضافے کے لئے اہم ترین حیثیت کی حامل ہیں۔ نیویارک ریاست میں جاری سیوریج پروجیکٹ صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کا پہلا منصوبہ ہے جسے وفاقی دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون کے ذریعہ جزوی طور پر مالی اعانت فراہم کی جائے گی۔ اس منصوبے کو نومبر میں وفاقی دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون کے فنڈز میں سے 6.1$ ملین سے زیادہ موصول ہوئے۔ ریاست نیویارک شہر کی نئے، بڑے سیوریج پائپوں اور دیگر اہم اپ گریڈز کی تعمیر کی معاونت کرنے کے لئے ریاستی گرانٹس اور بلا سود فنانسنگ میں 21$ ملین سے زیادہ کا حصہ ڈال رہی ہے تاکہ چڑھتے ہوئے پانی کے واقعات کا سامنا کرنے اور دریائے ہڈسن میں آلودگی کو کم کرنے کی شہر کی صلاحیت کو مضبوط بنایا جا سکے۔

"ہماری ریاست کی نمایاں صاف پانی کی سرمایہ کاری کے ساتھ شامل ہو کر، دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون سے ملنے والی غیر معمولی مالی اعانت اہم ماحولیاتی اصلاحات کرنے کا ایک اہم موقع فراہم کرتی ہے جو پوری ریاست میں آنے والی نسلوں کے لئے عوامی صحت کی حفاظت کرے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "گندے پانی اور طوفانی پانی کے یہ اپ گریڈز ماحول کی حفاظت اور نیوبرگ میں زندگی کے معیار کو بڑھانے کے لئے انتہائی اہم ہیں، اور میری انتظامیہ مؤثر طریقے سے اور مساوی طور پر ہر ممکنہ ذرائع سے فنڈز حاصل کرنے کے لئے سخت محنت جاری رکھے گی تاکہ کمیونٹیز کو اہم منصوبوں کے لئے بنیادی اقدامات کرنے میں مدد ملے۔"

شہر کے مشترکہ سیوریج اور طوفانی پانی کے نظام کو اپ گریڈ کرنے کے لئے یہ مائیکروٹونیلنگ نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن (DEC) کے ساتھ شراکت میں نیوبرگ کے طویل مدتی کنٹرول پلان کو نافذ کرنے کے لئے جاری تعمیر کا حصہ ہے۔ مائکروٹنلنگ بغیر خندق بنائے بذریعہ ریموٹ چلایا جانے ایک تعمیراتی طریقہ ہے جس سے کھدائی کرنے اور پائپ بچھانے کے دونوں کام بیک وقت انجام دیے جا سکتے ہیں۔ ایک خاص طور پر ڈیزائن کردہ بورنگ مشین جو اس ہفتے شہر میں بھیجی گئی ہے زمین کے اندر واقع چٹانوں میں سرنگ کی کھدائی کرے گی

مائکروٹنلنگ سیور کو ایک طویل فاصلے تک عین مطابق سیدھ میں ڈالنے کی اجازت دیتی ہے اور گہری زیرِ زمین کھدائی کے نتیجے میں گلیوں اور رہائشیوں کے لئے پیدا ہونے والی پریشانیوں سے بچاتی ہے۔

نارتھ انٹرسیپٹر امپروومنٹ پروجیکٹ میں نظام کی صلاحیت میں اضافے اور دریائے ہڈسن میں خارج ہونے والی آلودگی کو کم کرنے کے لئے تقریباً 8,700 لینیئر فٹ نئی اور زیادہ بڑی گریویٹی سینیٹری سیور پائپنگ کی تنصیب شامل ہے۔ یہ مقصد بارشوں کے موسم میں پانی کے زیادہ بہاؤ کے دوران بہاؤ کو شہر کے ٹریٹمنٹ پلانٹ کی جانب موڑ کر حاصل کیا جائے گا۔ نئی پائپنگ کے 2,000 فٹ طویل حصے کے لئے مائکروٹنلنگ کا استعال کیا جائے گا۔

دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون (BIL)، DEC اور نیو یارک اسٹیٹ ماحولیاتی سہولیات کارپوریشن (EFC) کے توسط سے منصوبے کے اس مرحلے کے لئے گرانٹس اور بلا سود فنانسنگ میں 27$ مختص کیے گئے تھے، جن میں یہ بھی شامل ہیں:

- واٹر کوالٹی امپروومنٹ پروگرام سے 10$ ملین کی گرانٹ
- واٹر انفراسٹرکچر امپروومنٹ گرانٹ پروگرام سے 5.57$ ملین کی گرانٹ
- کلین واٹر سٹیٹ ریوالونگ فنڈ سے 5.57$ ملین کی گرانٹ
- BIL جنرل سپلیمنٹل فنڈز سے 3.55$ ملین کی گرانٹ اور 2.56$ ملین قلیل مدتی بلا سود فنانسنگ۔ پانی اور سیور کے بنیادی ڈھانچے کے لئے BIL کی فنڈنگ کا نظم و نسق سٹیٹ ریوالونگ فنڈ پروگرامز کے ذریعہ EFC سنبھالتی ہے۔

نیویارک سٹیٹ انوائرمینٹل فیسیلیٹیز کارپوریشن کی صدر اور سی ای او Maureen A. Coleman نے کہا، "ریاست نیویارک اور EFC کو اس اہم منصوبے کو آگے بڑھانے کے لئے نیوبرگ شہر کے ساتھ شراکت داری پر فخر ہے جس سے ہمارے ماحول اور مقامی برادریوں دونوں کو فائدہ پہنچے گا۔ EFC کمیونٹیز کو صاف پانی کے ان اہم انفراسٹرکچر منصوبوں کو جاری رکھنے کے لئے درکار مالی وسائل اور تکنیکی مدد فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ ماحولیاتی انفراسٹرکچر پر گورنر Hochul کی با ہمت قیادت اور کانگریس اور بائیڈن انتظامیہ کی طرف سے بے مثال فنڈنگ کے ذریعے، ساتھ ، EFC منتظر ہے کہ 2023 میں ماحولیاتی انفراسٹرکچر کی کامیابیوں کی مزید کہانیوں سامنے آئیں۔"

نیویارک سٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرمینٹل کنزرویشن کے کمشنر اور انوائرمینٹل کارپوریشن بورڈ کے چیئر Basil Seggos نے کہا، "پانی کے معیار کی حفاظت گورنر Hochul کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور منصوبے کے اس مرحلے کا آغاز بہت دل خوش کن ہے جس میں دریائے ہڈسن کو بحال کرنے اور اس کے کناروں کے ساتھ آباد برادریوں کا معیار زندگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ DEC ماحولیاتی سہولیات کارپوریشن اور EPA کے ساتھ اپنی شراکت داری جاری رکھے گی اور نیوبرگ شہر کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ آسانی فراہم کرنے والے اس منصوبے میں پیشرفت ہو اور خطے کے پانی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔"

ریاست نیویارک کے قائم مقام ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر جیمز میکڈونلڈ نے کہا، "ریاست بھر میں اس طرح کے پینے اور گندے پانی کے بنیادی ڈھانچے میں تاریخی سرمایہ کاری دراصل نیویارک کے تمام باشندوں کی صحت میں سرمایہ کاری ہے۔ صاف پانی کا یہ شاندار منصوبہ نیوبرگ مشترکہ طوفانی پانی اور گندے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے نظام کو آنے والی نسلوں کے لئے مضبوط و مستحکم بنانے میں مدد فراہم کرے گا۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ہماری برادریوں کی فوری اور طویل مدتی صحت کے تحفظ کے لئے اپنے مسلسل جاری عزم مصمم کا مظاہرہ کیا۔"

امریکہ کی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی کی ریجنل ایڈمنسٹریٹر Lisa F. Garcia نے کہا، "صدر بائیڈن کے دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون کے ذریعے کی جانے والی فنڈنگ نیویارک اور ملک بھر میں کمیونٹیز پر مثبت اثرات مرتب کر

رہی ہے۔ BIL فنڈنگ ریاست کی اپنی سرمایہ کاری کے ساتھ مل کر نیوبرگ کی اس آلودہ سیوریج کا مسئلہ حل کرنے میں مدد دے گی جس کا اکراج ہر بار بارش ہونے پر ہڈسن میں ہوتا ہے۔"

سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "گورنر Hochul کی پائیدار اور لچکدار پانی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں مثالی سرمایہ کاری کے ذریعے صاف، متحرک اور صحت مند کمیونٹیز کے لئے نیویارک کا جاری عزم ایک بار پھر مکمل طور پر واضح ہو رہا ہے۔ یہ انتہائی ضروری سرمایہ کاری مقامی حکومتوں کی مدد و معاونت کرنے اور عوامی صحت کو بہتر بنانے، ماحولیاتی تحفظ میں اضافہ کرنے، اور معاشی خوشحالی حاصل کرنے کی خاطر برادریوں کو ایک بنیاد فراہم کرنے کے لئے بہت اہم ہے۔"

سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے کہا، "مجھے وفاقی دو طرفہ انفراسٹرکچر اینڈ جابز قانون کے ذریعے نیوبرگ شہر کے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کے لئے 27$ ملین کی یہ تاریخی سرمایہ کاری فراہم کرنے پر فخر ہے جس کے لئے میں نے سینیٹ میں سرتوڑ جدوجہد کی تھی۔ میں نے نیوبرگ شہر، ریور کیپر، نیوبرگ کلین واٹر پروجیکٹ، اور مقامی ایڈوکیٹس کے ساتھ برسوں مل کر کام کیا ہے تاکہ نیوبرگ کے پانی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جا سکے، جس کا ہدف یہ تھا کہ ہمارے پیارا نیوبرگ محلہ اس میں رہنے اور کام کرنے والے افراد کے لئے زیادہ صحت مند اور زیادہ محفوظ مقامات بن جائے۔ مجھے فخر ہے کہ گزشتہ سال میں نے سالانہ وفاقی بجٹ کے ذریعے نیوبرگ کے نارتھ انٹرسیپٹر سیور پروجیکٹ کے لئے 12.8$ ملین حاصل کیے تاکہ نیوبرگ اس اہم کام کی ابتدا کر سکے۔ میں نیویارک سٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرمینٹل کنورسیشن اینڈ انوائرمینٹل فیسلیٹیز کارپوریشن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے نیویارک کے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے دو طرفہ انفراسٹرکچر اینڈ جابز قانون سے اولین فنڈنگ کی ہدایت کی تاکہ اس اہم کام کو آگے بڑھایا جا سکے اور ہم اس فنڈنگ کو اپنی ہڈسن ویلی کمیونٹیز تک پہنچانے کے لیے ان کے شانہ بشانہ کوشاں رہیں گے۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "اس فنڈنگ سے نیوبرگ کے بوڑھے اور بوسیدہ پانی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے، طوفانوں کا مقابلہ کرنے کی اسکی استعداد بڑھانے، اور دریائے ہڈسن میں آلودگی کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔" "مجھے فخر ہے کہ میں نے پوری نیویارک ریاست میں اس طرح کے منصوبوں کے لئے فنڈز فراہم کرنے کی خاطر دو طرفہ انفراسٹرکچر قانون کو منظور کروانے کی جدوجہد کی، اور میں اپنی کمیونٹیز کو بحال کرنے کے لئے وفاقی وسائل حاصل کرنے کے لئے کام کرتا رہوں گا۔"

نمائندے Pat Ryan نے کہا، "مجھے اس اہم منصوبے کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے جس سے نیوبرگ شہر کے پانی کے بنیادی ڈھانچے میں زبردست بہتری آئے گی۔ نیو یارک کا ہر شہری صاف پانی تک رسائی کا حقدار ہے اور میں اسے حقیقت کا روپ دینے کے لیے ریاستی، مقامی اور وفاقی حکومت کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

نیوبرگ شہر کے میئر Torrance Harvey نے کہا، "نیوبرگ کے رہائشی افراد اور کاروباری ادارے صاف اور صحت بخش پانی کے حقدار ہیں، اور میں گورنر Hochul، اپنی NYS ٹیموں اور کانگریس میں اپنے رفقاء کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے وہ ضروری مالی وسائل فراہم کیے جو اس اہم منصوبے کو ممکن بنانے میں مدد دیں گے۔ صاف اور سادہ بات تو یہ ہے کہ اس سے یہ امر یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ نیوبرگ کے رہائشیوں کی نسلیں ایک صاف، صحت مندانہ کمیونٹی میں پلیں بڑھیں گی۔ یہی وہ صورت بنتی ہے جب حکومت لوگوں کے لیے مل کر کام کر رہی ہو، اور ہم اس پروجیکٹ کی پیشرفت کے لئے پر مل کر کام کرنے کے لئے پرجوش ہیں۔"

نیویارک نے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اپنی سرمایہ کاری میں اضافہ کرنے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ گورنر Hochul نے ابھی حال ہی میں 2023 کے سٹیٹ آف دی سٹیٹ ایجنڈے میں اپنے آئندہ بجٹ کے اندر صاف پانی کے لئے مالی اعانت میں 500$ ملین کی سرمایہ کاری کرنے کا عہد کیا، جس سے نیویارک کی کل صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری 5$ بلین تک پہنچ گئی۔ ان سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھانے اور مقامی حکومتوں کے ساتھ جاری ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لئے کمیونٹی معاونتی ٹیمیں چھوٹی، دیہی اور پسماندہ برادریوں کو فعال رسائی فراہم کریں گی تاکہ وہ صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مالی امداد تک رسائی حاصل کر سکیں۔

مزید برآں، نومبر میں 4.2$ بلین کے صاف پانی، صاف ہوا، اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کی ووٹر منظوری کے ساتھ، پانی کے بوسیدہ ہوتے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت؛ شدید طوفانوں اور سیلاب کا سامنا کرنے کے لئے کمیونٹیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنانے؛ فضائی آلودگی اور کم آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراج کو کم کرنے؛ رہائشی جگہوں کو بحال کرنے؛ میدانوں اور مقامی فارموں کو محفوظ رکھنے؛ اور کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری کرکے ایکوئٹی یقینی بنانے کے لئے اضافی، تاریخی سطح کی فنڈنگز موجود ہیں، جس کا ہدف پسماندہ برادریوں میں وسائل کی فراہمی کے لئے 40 فیصد تک کیا جا سکتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418